Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | بدھ، 27 دسمبر 2023ء، 13 جمادی الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 229

سرکاری افسران و ملازمین کے انتخابی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر پابندی

سرکاری ملازمین کی چھٹیاں ریٹرننگ افسران کی اجازت سے مشروط ہیں جبکہ ضلعی افسران ڈی آر او سے چھٹیوں کی اجازت نامے کے پابند ہوں گے

19 ویں گریڈ تک کے وفاقی سرکاری ملازمین ڈی آر او سے چھٹی منظور کروائیں گے، گریڈ 20 یا اوپر کے افسران کو الیکشن کمیشن سے چھٹی کی منظوری لینا ہوگی

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ بیجنگ میں پاکستان کے تعینات ہونے والے سفیر خلیل ہاشمی کی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سرکاری افسران اور ملازمین کے لیے جاری اپنی ایڈوائزری میں واضح کیا ہے کہ وہ انتخابی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے سکتے جبکہ وہ چھٹیوں کے لیے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران (ڈی آر اوز)، ریٹرننگ افسران (آر اوز) اور الیکشن کمیشن کمیشن کی جانب سے جاری ایڈوائزری میں کہا گیا کہ (بقیہ نمبر 29)

دنیا میں کامیابی کے لیے خود کفالت ناگزیر ہے، صدر مملکت

ڈاکٹر عارف علوی کا پاکستان نیوی انجینئرنگ کالج کے کانووکیشن سے خطاب

کراچی (آئی آئی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے دنیا کی کامیابی کے لیے خود کفالت کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان ترقی کرے گا کیونکہ پاکستان میں باصلاحیت افرادی قوت کی کوئی کمی نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو یہاں بحریہ آڈیٹوریم میں پاکستان نیوی انجینئرنگ کالج (پی این ای سی) کے 35 ویں کانووکیشن سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس (بقیہ نمبر 30)

بجلی کی پیداوار میں کمی، بڑے بریک ڈاؤن کا خدشہ

کم از کم بجلی پیداوار سے فریکوئنسی کی حد ٹوٹ کر پھر تاریکی میں ڈوب سکتا ہے، شمال، جنوب میں بجلی کا ترسیلی نظام بریک کرسکتا ہے

لاہور (این این آئی) بجلی کی کم پیداوار ایک بار پھر خطرناک حد ٹوٹ کر تاریکی میں ڈوب پیدا ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق کم از کم بجلی پیداوار سے فریکوئنسی کی زون کی طرف کا مزن ہونے سے بڑے بریک ڈاؤن کا خدشہ (بقیہ نمبر 33)

مزارِ بنی پاکدامن کو 31 دسمبر تک زائرین کیلئے کھول دیا جائیگا

وزیراعلیٰ پنجاب نے مزار بی بی پاکدامن کی تزئین و آرائش اور توسیعی منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا

لاہور (اے ایف پی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ مزار بی بی پاکدامن کو 31 دسمبر تک زائرین کیلئے کھول دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے مزار بی بی پاکدامن کی تزئین و آرائش اور توسیعی منصوبے (بقیہ نمبر 32)

نگران وزیراعظم سے پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی کی ملاقات

ظیل ہاشمی بیجنگ میں اور پاکستان کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے اپنا فعال کردار ادا کریں گے، نگران وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ بلندیوں پر جانے کے لئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین میں پاکستان کے (بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی لاہور رنگ روڈ کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کررہے ہیں

سال 2023 میں 2200 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ ڈالا گیا

نئی تعیناتیوں کے بھی احکامات جاری، ایس ایڈہ جی اے ڈی نے نوٹیفکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) بجلی اور گیس صارفین پر سال 2023 میں 2200 ارب روپے سے زائد کا اضافی بوجھ ڈالا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 2023 کے دوران بجلی کے بنیادی ٹیرف میں فی یونٹ (بقیہ نمبر 35)

لاہور (این این آئی) محکمہ لائیو سٹاک کے 12 افسران کی گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں ترقی اور نئی تعیناتیوں کے احکامات جاری کردیئے گئے۔ محکمہ مرمز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر لائیو سٹاک راولپنڈی ڈویژن ڈاکٹر محمد مرفراز احمد جنڈ گریڈ 20 میں ترقی دے کر ڈائریکٹر جنرل لائیو سٹاک جنوبی پنجاب، ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 34)

محکمہ لائیوسٹاک کے 12 افسران کی گریڈ 19 سے گریڈ 20 میں ترقی

وزیراعلیٰ محسن نقوی کی امامیہ کالونی فلائی اوور پراجیکٹ سائٹ آمد

پیش رفت کا جائزہ، ٹوگ کی وجہ سے اس علاقے میں ٹریفک کا دباؤ ہے اور کام سست روی کا شکار ہے

امامیہ کالونی فلائی اوور برج 8 لین پر مشتمل ہے، بند روڈ 31 جنوری کو مکمل ہوجائیگا، محسن نقوی

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی رات بچے پنجاب پر امامیہ کالونی فلائی اوور پراجیکٹ کا سائٹ پہنچ گئے اور فلائی اوور پراجیکٹ پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کو امامیہ کالونی پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے امامیہ کالونی پراجیکٹ کی بروقت تکمیل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے 15 جنوری تک امامیہ کالونی فلائی اوور پراجیکٹ کھولنے (بقیہ نمبر 37)

پارٹی کیلئے ماریں کھانے والوں کو اگنور کیا جارہا ہے، حمزہ شہباز

خاموشی کی ایک زبان ہوتی ہے لیکن اسے کوئی سننے اور سمجھنے والا نہیں، نواز شریف سے شکوے

لاہور (اے ایف پی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز سوشل نے کہا ہے کہ سمجھوں اور میڈیا ورکرز کے ساتھ ہیں۔ (بقیہ نمبر 38)

آئی ایم ایف کی شرائط پر 65 ارب روپے کا بار اسٹیٹ اور کسان پیکج ختم کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کمیٹی برائے 65 ارب روپے کا 2 آمدی شعبے اور کسان پیکج ختم کیا گیا۔ یکم اور یکم شعبے کے گرتی قرضے ساڑھے 5 ہزار ارب روپے تعاون کرے گی۔ بجلی کے 611 ہزار ارب اور گیس صنعت کا گردشی قرضہ 2 ہزار 900 ارب روپے پہنچ گیا۔ رپورٹ کے مطابق رواں برس گیس صارفین پر 711 (بقیہ نمبر 39)

حکومت کی ہمدردیاں میڈیا ورکرز کے ساتھ ہیں

صحافیوں کی جبری برطرفیوں کا مسئلہ قابل قبول نہیں، مرتضیٰ سولنگی

اسلام آباد (اے ایف پی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے ساتھ کھڑا ہوں، صحافیوں کی جبری برطرفیوں کا مسئلہ قابل قبول نہیں، حکومت کی ہمدردیاں میڈیا ورکرز کے ساتھ ہیں۔ (بقیہ نمبر 40)

نگران حکومت قانون سازی نہیں کرسکتی اپوزیشن سینیٹ کا میں احتجاج

نگران حکومت کا کام قانون سازی کرنا نہیں ہے، ایوان میں بل پیش نہیں ہو سکتے، سینیٹر سعدیہ عباسی

نگران حکومت کا یہ کام نہیں کہ وہ قانون سازی شروع کردے، یہ پلیٹ فارم نہیں دیا جا سکتا، ڈاکٹر شہزاد وسیم

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کے زیر صدارت ہونے والے سینیٹ اجلاس میں اراکین نے احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ نگران حکومت قانون سازی نہیں کرسکتی ہے۔ منگل کو سینیٹ میں موشن پیچر زتر سیل 2023 پیش کرنے کے موقع پر مسلم لیگ (ن) سمیت کئی اراکین نے ایوان میں احتجاج کیا، اراکین کی جانب سے نگران حکومت کے بل پیش کرنے کے عمل کی (بقیہ نمبر 41)

پرسل لونز کے اجرا میں سالانہ بنیاد پر نمایاں کمی ریکارڈ

کراچی (اے ایف پی) بینکوں کی جانب سے پرسل لونز کے اجرا میں نومبر کے دوران سالانہ بنیاد پر 9.3 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق نومبر میں بینکوں کی جانب سے جاری کردہ پرسل لونز کا حجم 246 ارب روپے ریکارڈ (بقیہ نمبر 42)

حمید علی خان، بختیار ابن اپنے بھائی عابد علی کے خواہ کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عابد شیر علی اس پی آفس کو طلانے کی دھمکی کے الزام میں 4 جنوری کو طلب

لیصل آباد (اے ایف پی) لیصل آباد کی مقامی عدالت نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور اسپیڈ ہارمونیا عابد شیر علی کو ایس پی آفس کو آگ لگانے کی دھمکی دینے کے الزام میں 4 جنوری کو طلب کرلیا۔ عدالت کے مطابق (بقیہ نمبر 43)

مزید دو ہزار 600 افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے

ویزا لونے والے افغان شہریوں میں 674 مرد، 478 خواتین اور ایک ہزار 400 زائد بچے شامل

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 24 اور 25 دسمبر کو مزید دو ہزار 600 افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے۔ ویزا لونے والے افغان شہریوں میں 674 مرد، 478 خواتین اور ایک ہزار 400 زائد بچے شامل تھے۔ (بقیہ نمبر 51)

آئسل ریفائنری کی پائپ لائن میں آتشزدگی کا واقعہ، ابتدائی تحقیقات مکمل

پائپ لائن لیکیج کرکے تیل چوری کرنے پر چار افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

راولپنڈی (اے ایف پی) پاکستان آئسل ٹیلڈ ہارمیر نے راولپنڈی میں آئسل ریفائنری کی پائپ لائن میں آتشزدگی کے واقعے کی ابتدائی تحقیقات مکمل کرلیں۔ یہ کے روز راولپنڈی کے علاقے ڈھیال میں آئسل ریفائنری کے واقعے پیش آیا تھا جس کے بعد ریسکیو کیوں کی 4 گھنٹے کی کوششوں کے بعد آگ پر قابو پایا جبکہ 12 سے زائد ریسکیو (بقیہ نمبر 52)

پنڈی میں معاہدے کے آغاز کے حوالے سے آئی پی او پاکستان اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تاریخی معاہدے پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جارہا ہے

الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواروں کی تشہیری مہم کیلئے ہدایات جاری

تجویز کردہ سائز سے بڑے پوسٹرز، ہینڈ بلز، پمفلٹ، کتابچے، بینرز یا پورٹریٹ چسپاں اور تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہوگی

پوسٹرز 13 انچ لمبائی 23 انچ سے زیادہ چوڑائی ہو، ہینڈ پمفلٹ 9 انچ لمبا اور 6 انچ چوڑا ہونا چاہیے

نگاہ صاحب (این این آئی) الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواروں کی تشہیری مہم کیلئے ہدایات جاری کردی گئی ہیں، قرآنی آیات سمیت ذہنی مواد کی طباعت غیر قانونی قرار دے دی گئی۔ تصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن کے عام انتخابات میں حصہ لینے والے انتخابی امیدواروں کے بینرز کے لیے ہدایات جاری کردی ہیں، الیکشن کمیشن کی طرف سے تجویز کردہ سائز سے بڑے پوسٹرز، ہینڈ بلز (بقیہ نمبر 9)

امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا آج دوسرا روز

حلقہ این اے 53 سے چودھری نثار علی، این اے 127 سے سردار لطیف کھوسہ کے کاغذات نامزدگی منظور

اسلام آباد (اے ایف پی) عام انتخابات 2024 میں حصہ لینے والے امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا دوسرا روز ہے۔ قومی اور صوبائی (بقیہ نمبر 8)

سرد موسم میں انڈے بھی غریب کی پہنچ سے باہر ہوگئے

اسلام آباد، پنڈی اور فیصل آباد کے تھوک سب سے مہنگے انڈے، چار سو میں روپے فی درجن خریدنے پر مجبور

اسلام آباد (این این آئی) سرد موسم میں انڈے بھی غریب کی پہنچ سے باہر ہوگئے، انڈوں کی فی درجن قیمت تھوک مارکیٹ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، اسلام آباد، پنڈی اور فیصل آباد کے تھوک کے شہری انڈے سب سے مہنگے انڈے چار سو میں روپے فی درجن خریدنے پر مجبور ہیں۔ ادارہ شماریات کے دستاویز کے مطابق اسلام آباد، پنڈی، فیصل آباد کے شہری انڈے (بقیہ نمبر 5 7)

پی ٹی آئی منصوبہ بندی کے تحت انتخابات کو متنازع بنا رہی ہے: جاوید لطیف

حکومت کا فرض ہے ریاست کے اندر ہونے والی دہشت گردی کو جڑ سے بجلی دے

لاہور (اے ایف پی) مسلم لیگ ن کے رہنما میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اس الیکشن کو منصوبہ بندی کے تحت متنازع بنا رہی ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جاوید لطیف نے کہا کہ بظاہر نظر نہیں آتا کہ کسی امیدوار کو تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ قارن فلنگ کیس پر بروقت شروع ہوتا تو حقائق سامنے آ جاتے، ہم (بقیہ نمبر 6 9)

پی ٹی آئی رہنما جمشید دستی کی دوبدن کی حفاظتی ضمانت منظور

پیشہ ظلم کے خلاف کھڑا ہونے پر انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنا

ملتان (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق ممبر قومی اسمبلی جمشید دستی کی دوبدن کی حفاظتی ضانت منظور کرلی گئی۔ واضح رہے کہ جمشید دستی منظور گزشتہ پولیس کو ضانت سے محلہ آمد پر پولیس طلب کر رکھی ہے جبکہ (بقیہ نمبر 4)

مزید 4 روپے 66 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان

بجلی 4 روپے 66 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان، نیپرا اتھارٹی سی پی پی اے کی درخواست پر (آج) سماعت کرے گی

درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ماہ نومبر کے دوران پانی سے بجلی کی پیداوار 36.5 فیصد رہی ہے

نگران وزیر تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز یمن چیئرمین آف کامرس کے ممبران سے بات چیت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) عوام کے لیے بجلی 4 روپے 66 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ سیلز پارٹ پر ٹیرف ایجنسی نے بجلی مہنگی کرنے کی درخواست دیدی جس پر نیپرا اتھارٹی کی جانب سے آج (بدھ) کو سماعت کی جائے گی۔ بجلی کی قیمت میں اضافے کی درخواست نومبر کے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ اور بقایاجات کے مد میں مانگا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ماہ نومبر کے دوران پانی سے بجلی کی پیداوار 36.5 فیصد رہی ہے، نیشنل سے بجلی کی پیداوار 20 فیصد سے زائد رہی، اس کے علاوہ ایک ماہ میں متاثر کوئلے سے بجلی پیداوار 13 فیصد رہی، (بقیہ نمبر 45)

کیس کا فیصلہ ہونے تک الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل ہوگا، چھٹیوں کے ختم ہونے کے بعد پہلے ڈبل بینچ میں کیس سنا جائے، پشاور ہائی کورٹ

پارٹی نشان واپس لینے کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل

الیکشن کمیشن کا انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے فیصلے کا اختیار ہی نہیں ، قانون کے مطابق الیکشن کمیشن کو تمام تر دستاویز فراہم کردیں، بیرسٹر علی ظفر

ایک آرڈر سے پارٹی کو انتخابات سے نکال دیا گیا، کس قانون کے تحت فیصلہ کیا گیا؟، کہاں لکھا ہے، الیکشن کمیشن پارٹی انتخابات تسلیم نہ کرے، جسٹس کامران حیات

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف انٹرا پارٹی انتخابات کالعدم اور پارٹی نشان واپس لینے کے الیکشن کمیشن کے فیصلے پر حکم امتناع جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیس کا فیصلہ ہونے تک الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل ہوگا، چھٹیوں کے ختم ہونے کے بعد پہلے ڈبل بینچ میں کیس سنا جائے۔ منگل کو پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس کامران حیات میاں خیل اور جسٹس شاہد بلال پر مشتمل ڈبل بینچ میں کیس سنا جائے۔ الیکشن کمیشن کی درخواست پر سماعت کی۔ پی ٹی آئی کے رہنما بیرسٹر علی (بقیہ نمبر 36)

پاکستان 2014 سے بحر ہند نیوں سمپوزیم کا سرگرم اور اہم رکن ہے

سربراہ پاک بحریہ کی تھائی لینڈ میں آٹھویں بحر ہند سمپوزیم میں مختلف ممالک کے نیول چیفس سے ملاقات ، بحر ہند میں امن وامان پر گفتگو

ملاقاتوں کے دوران نیول چیف نے لیبیا کا فوجی ہسپتال سے فائدہ لینے کے لیے بحر ہند کے ممالک کے درمیان مزید تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل فہیم اشرف نے تھائی لینڈ میں آٹھویں بحر ہند سمپوزیم میں مختلف ممالک کے نیول چیفس سے ملاقات کی جس میں بحر ہند میں امن وامان اور سمندری کی پائیدار ترقی کیلئے لیبیا اکاوری سے ملاقات کی۔ بحر ہند میں امن وامان اور سمندری کی پائیدار ترقی کیلئے لیبیا اکاوری سے ملاقات کی۔ بحر ہند میں امن وامان اور سمندری کی پائیدار ترقی کیلئے لیبیا اکاوری سے ملاقات کی۔ بحریہ کی جانب سے بحر ہند سمپوزیم میں دنیا بھر سے مختلف ممالک کے وفود بحری (بقیہ نمبر 46)

ڈاکٹر عتیق رحمان کو مدد سنٹر پیش کیا جارہا ہے

ڈاکٹر عتیق الرحمن کا نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کا دورہ

ڈاکٹر عتیق رحمن نے لوگوں کو ترقی اور اختراع کو آگے بڑھانے کے لیے خود مختار ٹیکنالوجیز کی صلاحیتوں پر بھروسہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا

ذاتی اور پیشہ ورانہ اہداف کو ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی، اور یہ کہ یہ کس طرح ذاتی اور تنظیمی کامیابی کا باعث بن سکتی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ڈاکٹر عتیق رحمان، خود مختار ٹیکنالوجیز اور ذاتی ترقی کے شعبے میں ایک قابل احترام رہنما نے اپنا علم فراہم کرنے اور اپنی قیمتی اسپیرینس لیکچر، مجلے اور طلباء کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUtech) کا دورہ کیا۔ ڈاکٹر عتیق رحمن، جنہوں نے خود مختار ٹیکنالوجیز اور ذاتی ترقی کے شعبے میں اہم کردار ادا کیا ہے، ایک لیکچر میں ذاتی ترقی اور ترقی میں ان کے کردار پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس شعبے میں ان کے وسیع تجربے اور مہارت نے سامعین (بقیہ نمبر 9)

سیکرٹری دفاع کیخلاف توہین عدالت کی درخواست واپس

فیصلے پر حکم امتناع کے بغیر توہین عدالت کی درخواست ناقابل سماعت ہے، سپریم کورٹ رجسٹرار

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ رجسٹرار نے سپلیمنٹ کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل عدالت کی درخواست (بقیہ نمبر 47)

گورنر پنجاب طیغ الرحمن سے بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر روح الامین صدیقی ملاقات کر رہے ہیں

بالاکوٹ: بیپ کھانی میں چاکری، مقامی کونسلر سمیت 2 افراد جاں بحق

بالاکوٹ (اے ایف پی) بالاکوٹ میں کھول تھانوں کے مقام پر بیپ حادثہ کا شکار ہو کر کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ اتشدید تھا کہ گاڑی میں سوار افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، حادثے میں مقامی جنرل کونسلر سمیت دو افراد جان کی بازی ہار گئے۔

پیزا کے پیسے مانگنے پر ڈیلیوری بوائے کو قتل کردیا گیا

کاشف رسول گزشتہ رات جڑانوالہ روڈ پر فیصل ٹاؤن میں پیزا ڈیلیور کرنے گیا تھا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں پیزا کے پیسے مانگنے پر ڈیلیوری بوائے کو قتل کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پیزا ڈیلیوری بوائے کاشف رسول گزشتہ رات جڑانوالہ روڈ پر فیصل ٹاؤن میں پیزا ڈیلیور کرنے گیا تھا کہ گاڑی میں سوار افراد نے پیسے مانگے تو کاشف رسول کو فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ کاشف کو زخمی حالت میں اسپتال لایا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا۔ (بقیہ نمبر 48)

امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا آج دوسرا روز

حلقہ این اے 53 سے چودھری نثار علی، این اے 127 سے سردار لطیف کھوسہ کے کاغذات نامزدگی منظور

اسلام آباد (اے ایف پی) عام انتخابات 2024 میں حصہ لینے والے امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا دوسرا روز ہے۔ قومی اور صوبائی (بقیہ نمبر 8)

الیکشن کمیشن نے پی پی 91 کے ریٹرننگ افسر کو تبدیل کردیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن پاکستان نے عام انتخابات کے لیے خیبر پختونخوا کے صوبائی حلقے پی 91 کے ریٹرننگ افسر کو تبدیل کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی پی 91 میں اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 50)

مزید دو ہزار 600 افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے

ویزا لونے والے افغان شہریوں میں 674 مرد، 478 خواتین اور ایک ہزار 400 زائد بچے شامل

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 24 اور 25 دسمبر کو مزید دو ہزار 600 افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے۔ ویزا لونے والے افغان شہریوں میں 674 مرد، 478 خواتین اور ایک ہزار 400 زائد بچے شامل تھے۔ (بقیہ نمبر 51)

بجلی کی پیداوار میں کمی، بڑے بریک ڈاؤن کا خدشہ

کم از کم بجلی پیداوار سے فریکوئنسی کی حد ٹوٹ کر پھر تاریکی میں ڈوب سکتا ہے، شمال، جنوب میں بجلی کا ترسیلی نظام بریک کرسکتا ہے

لاہور (این این آئی) بجلی کی کم پیداوار ایک بار پھر خطرناک حد ٹوٹ کر تاریکی میں ڈوب پیدا ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق کم از کم بجلی پیداوار سے فریکوئنسی کی زون کی طرف کا مزن ہونے سے بڑے بریک ڈاؤن کا خدشہ (بقیہ نمبر 33)

سی پیک کی مشترکہ تعمیر کیلئے پرعزم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین اپنے اپنے ایک اعلیٰ مستقل کیلئے سی پیک کی مشترکہ تعمیر کیلئے پرعزم ہیں، چین اور پاکستان کے درمیان سی پیک دونوں ممالک کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے والا ایک عظیم منصوبہ ہے، جواب ایک اعلیٰ معیار کی ترقی کے (بقیہ نمبر 53)

تدارک سموگ کی درخواستیں 29 دسمبر کو سماعت کیلئے مقرر

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ میں سموگ کے تدارک کے لیے دائر درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کردی گئی ہیں۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد کریم 29 دسمبر کو شیری ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کریں گے۔ واضح رہے کہ عدالت نے متعلقہ سرکاری محکموں سے عملدرآمد رپورٹس طلب کر رکھی ہیں جبکہ (بقیہ نمبر 54)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی آواز، عوام کے مسائل کا ترجمان
بانی: کامریڈ جمشید اقبال چیمہ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے وحشیانہ مظالم

پاکستان نے بھارت کی طرف سے غیر قانونی زیر قبضہ کشمیر کے ضلع پونچھ میں 3 کشمیری شہریوں کے حراست کے دوران کیے جانے والے وحشیانہ قتل کی مذمت کی ہے۔ تینوں کشمیریوں کو بھارتی قابض فوج کے ایک کیمپ میں تشدد کر کے ہلاک کیا گیا۔ تینوں افراد کو برہنہ کر کے مرچ پاؤڈر چھڑکنے کی مبینہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ یہ واقعہ مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے بے لگام ریاستی دہشت گردی کو بے نقاب کرتا ہے۔

ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ حراست کے دوران ہونے والی ہلاکتوں کے ذمہ داروں کا احتساب ہونا چاہیے۔ بھارت کا مقبوضہ کشمیر پر غالمانہ قبضہ تمام مسائل کی جڑ ہے۔ کشمیری عوام کو سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت ملنا چاہیے۔ دوسری جانب، کل جماعتی حریت کانفرنس نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ راشٹریہ سیوم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کی حمایت یافتہ نریندر مودی کے زیر قیادت چلنے والی بھارت کی ہندو توا حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں کے خلاف ایک بھرپور جنگ چھیڑ رکھی ہے تاکہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حق خود ارادیت کے حصول کے لیے ان کی منصفانہ جدوجہد کو دبایا جا سکے۔ مقبوضہ کشمیر میں حراست کے دوران معصوم شہریوں کا قتل بھارتی فوج کا روز کا معمول بن چکا ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر نوجوان کشمیریوں کو گرفتار کر کے ان پر تشدد کر کے انھیں شہید کر دیا جاتا ہے یا انھیں زندگی بھر کے لیے ذہنی اور جسمانی معذور کر دیا جاتا ہے۔ بھارت جس طرح وادی میں خون کی ہولی کھیل رہا ہے اور جس تیزی سے مسلمان اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کے لیے وہاں نسل کشی کر رہا ہے وہ انسانی حقوق کے علمبردار اداروں، تنظیموں، طاقتوں بالخصوص اقوام متحدہ کے لیے لمحۂ فکریہ ہونا چاہیے مگر بدقسمتی سے امریکا جس طرح بھارت کی پشت پر کھڑا نظر آتا ہے یہ امر مسلم ممالک سے اس بات کا متقاضی ہے کہ وہ اپنے تمام اختلافات بھلا کر الحادی قوتوں کے خلاف متحد ہو کر ان کے ایجنڈے کا توڑ کریں کیونکہ الحادی قوتوں کا اتحاد کھل کر سامنے آ چکا ہے۔ یہ قوتیں اسرائیل اور بھارتی جارحیت کا کھل کر ساتھ دے رہی ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ مسلم امہ اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے پلیٹ فارم پر متحد اور یک جہت ہو کر ان قوتوں کا مقابلہ کرے۔

قائداعظمؒ اور قانون کی پاسداری



نظر کے سامنے
ڈاکٹر جمشید نظر
nazarjamshaid@gmail.com

"قائداعظمؒ کی قابلیت، دیانت، محنت، ایمانداری، دور اندیشی اور اصول پسندی کے صرف مسلمان ہی قائل نہیں تھے بلکہ ہندو اور انگریز بھی ان کی غیر معمولی صلاحیتوں کے معترف تھے یہی وجہ ہے کہ انگریز اب تک اس بات کا رونا روتے ہیں کہ اگر اللہ قائداعظمؒ جیسی قابل ترین بصیرت کی حامل شخصیت کو پیدا کرتا تو وہ بھی ہمیں پاکستان بننے نہ دیتے۔ قائداعظمؒ اپنی بیماری سے متعلق بہت پہلے سے آگاہ تھے اور یہ ان کی دور اندیشی تھی کہ انھوں نے کبھی اپنی بیماری کو ہندوؤں اور انگریزوں پر ظاہر ہونے نہیں دیا تھا کیونکہ وہ جانتے تھے کہ اگر ہندوؤں اور انگریزوں کو ان کی بیماری کا علم ہو گیا تو پھر انگریز ہندوستان کی تقسیم کو موخر کر دیں گے۔

آپؒ نے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن یا پاکستان کی بنیاد رکھی۔

ایک مرتبہ 1946ء میں قائداعظمؒ مدراس میں مسلم لیگ کا جلسہ کر کے واپس جا رہے تھے تو راستے میں ایک قصبہ سے گذر ہوا جہاں مسلمانوں نے ان کا پرجوش استقبال کیا مسب پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگا رہے تھے اسی ہجوم میں پچھلی پرانی تکیہ پہنے ایک آدمی سال کا بچہ بھی پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہا تھا اسے دیکھ کر قائداعظمؒ نے اپنی گاڑی روکنے کو کہا اور لوگ کو پاس بلا کر پوچھا "تم پاکستان کا مطلب سمجھتے ہو؟" بچہ گھبرا گیا۔ قائداعظمؒ نے اس کا حوصلہ بڑھاتے ہوئے پیار سے پھر وہی سوال پوچھا۔ اب بچہ بولا "پاکستان کا مطلب ہے کہ ہم اپنے گھر میں، ہم تو پاس اتنا جانتے ہیں جہاں مسلمانوں کی حکومت وہ پاکستان اور جہاں ہندوؤں کی حکومت وہ ہندوستان۔" قائداعظمؒ نے اسے ساتھ لے کر صحافی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ "مدراس کا چھوٹا سا لڑکا پاکستان کا مطلب سمجھتا ہے لیکن کانگرسی نہیں سمجھ سکتے۔" یہ بات صحافیوں نے نوٹ کر لی اور اگلے روز دنیا کے اخبارات میں یہ خبر شہ سرخیوں کے ساتھ شائع ہوئی۔ شاعر مشرق علامہ اقبالؒ بھی قائداعظمؒ کی قابلیت اور دیانت کو مانتے تھے۔ 1936ء کے آخری دنوں میں ایک روز جب علامہ اقبالؒ نے قائداعظمؒ کی قابلیت اور امانت و دیانت اور قابلیت کا ذکر ہوا تھا اس وقت تک ان کے لیے قائداعظمؒ کا لقب رائج نہیں ہوا تھا) کو اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی خوبی عطا کی ہے جو آج تک ہندوستان کے کسی مسلمان میں مجھے نظر نہیں آئی۔" ماضیر میں سے کسی نے پوچھا کہ وہ خوبی کیا ہے؟ تو علامہ اقبالؒ نے انگریزی میں کہا "He is incorruptible and unpurchaseable" آج تک نسل کو قیام پاکستان کے لیے دی گئی قربانیوں کو یاد رکھنے والے ہر ملک میں ترقی، خوشحالی، امن اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہوگا۔

امریکا کا 6 جنوری اور ہمارا 9 مئی

9 مئی کے حوالے سے تحریک انصاف کا مطالبہ ایک کوکر کو دھندا بنا جا رہا ہے۔ تو کیا یہ محض ایک واہمہ تھا؟ کوئی انتہا و نظر تھا؟ "کی جا وتو کر ساری تحی جس نے ہماری آنکھوں اور دل و دماغ میں کچھ نقوش ثبت کر دیے اور ہم ان "غنچاتی بیلوں" کو حقیقی سائنٹر سمجھ بیٹھے؟ اگر ایسا نہیں اور تحریک انصاف والی 9 مئی کو وفاقی تنصیبات پر حملوں کے ذریعے فوج میں بغاوت ابھارنے اور آرمی چیف کا تختہ الٹ کر انقلاب برپا کرنے کی سازش کا حصہ تھی تو حالات نے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود اتنی بڑی باغیانہ واردات کی تمام تر تحریکات کیوں سامنے نہیں آئیں؟ اس کے مصنوبہ سازوں کے چہروں پر اس تک کیوں پردہ پڑا ہے؟ سازش کے تمام کرداروں جو کر پردے کہانی کیوں نہیں کی جا رہی؟

گزشتہ ہفتے، امریکی ریاست کولوراڈو کی سپریم کورٹ نے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو بیلٹ پر (کیپٹل ہل) پر حملے میں ملوث ہونے کے الزام میں آئندہ صدارتی انتخابات لڑنے کے لیے نااہل قرار دے دیا۔ وہ 4 جنوری تک امریکی سپریم کورٹ میں اپیل کا حق رکھتے ہیں۔ کولوراڈو عدالت نے ٹرمپ کو نااہل قرار دیتے ہوئے کہا کہ عدالت کی اکثریت کی رائے کے مطابق، صدر ٹرمپ کو ریاست کے ذمہ امیدوار کے آئین کی چودھویں ترمیم کے سیکشن تین کے تحت صدر کے عہدے کے لیے نااہل قرار دیا جاتا ہے ۔۔۔ ہم ان نتائج پر سپریم طور پر یقین رکھتے۔ دریافت سوال کی عکاسی اور دباؤ سے ہم پوری طرح آگاہ ہیں۔ اسی طرح کسی خوف، رعایت اور اپنے لیفٹیوں پر حوالی اور کیا کوئی امکان یا گنجائش نہیں ہے۔ ہم ان کے لیے نیچے فائنڈ کی انجام دہی کی ہمارے ذہن میں ہے۔"

امریکی انتخابات میں جو بائیڈن کی کامیابی پر تیاگ ہے قائل کر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن پاکستان کی بنیاد رکھی۔

ایک مرتبہ 1946ء میں قائداعظمؒ مدراس میں مسلم لیگ کا جلسہ کر کے واپس جا رہے تھے تو راستے میں ایک قصبہ سے گذر ہوا جہاں مسلمانوں نے ان کا پرجوش استقبال کیا مسب پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگا رہے تھے اسی ہجوم میں پچھلی پرانی تکیہ پہنے ایک آدمی سال کا بچہ بھی پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہا تھا اسے دیکھ کر قائداعظمؒ نے اپنی گاڑی روکنے کو کہا اور لوگ کو پاس بلا کر پوچھا "تم پاکستان کا مطلب سمجھتے ہو؟" بچہ گھبرا گیا۔ قائداعظمؒ نے اس کا حوصلہ بڑھاتے ہوئے پیار سے پھر وہی سوال پوچھا۔ اب بچہ بولا "پاکستان کا مطلب ہے کہ ہم اپنے گھر میں، ہم تو پاس اتنا جانتے ہیں جہاں مسلمانوں کی حکومت وہ پاکستان اور جہاں ہندوؤں کی حکومت وہ ہندوستان۔" قائداعظمؒ نے اسے ساتھ لے کر ہندوؤں اور انگریزوں کو ان کی بیماری کا علم ہو گیا تو پھر انگریز ہندوستان کی تقسیم کو موخر کر دیں گے۔

آپؒ نے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن کے قیام کے لیے جدوجہد اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عقیدت کا اندازہ اُن تاریخی جملوں سے لگایا جا سکتا ہے جب وفات سے قبل قائدؒ نے اپنے ڈاکٹر کے سمجھے آپ نے کہا کہ "پاکستان ہرگز وجود میں نہ آتا اگر میں فیضان نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم شامل نہ ہوتا۔" آپؒ سولہ سال کی عمر میں وکالت کی تعلیم کے حصول کے لیے بمبئی گئے تو وہاں تھیلی دروگا، "ٹنکور ان" میں داخلہ کو اس لیے ترجیح دی کہ اس کے صدر دروازے کے اوپر درج تھا کہ "عظیم ترین رہنماؤں کے نام درج تھے جنھوں نے دنیا کو قوانین سے متاثر کیا اور ان میں سرفہرست حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھا تھا۔ آج اسی تاریخی درگاہ "ٹنکور ان" کی لائبریری میں قائداعظمؒ کے مصنوب ہے جسے برطانوی مجسمہ ساز قلب بیکسن نے تیار کیا تھا۔ قائداعظمؒ کا مجسمہ دنیا بھر سے وکالت کی تعلیم کے لیے وہاں آنے والے طلبا کو یہ پیغام دیتا ہے کہ کس طرح قائداعظمؒ نے دنیا کو اپنے کامیاب اور مضبوط دلائل سے قائل کر کے مسلمانوں کے لیے ایک الگ وطن پاکستان کی بنیاد رکھی۔

ناکامی کا ہتھیار

تحریر۔۔۔ سرفراز راجہ

کہتے ہیں کامیاب افراد اپنی ناکامی کی وجہ بیان تلاش کرتے ہیں اور نا کام لوگ جواز، بہانے تو پتھیں سے ہی اپنی ناکامی کے جواز پیدا کرنے کی عادت سی پڑ جاتی ہے۔ بچپن اچھا نہ ہوا تو آف کورس سوالات شامل ہونے کی توجیہ پیش کر دی، امتحان میں نمبر کم آ گئے تو پرچوں کی درست مارنگ نہ ہونے کا الزام لگا دیا، نوکری کیلئے امیدوار منتخب نہ ہوئے تو سفارشیوں کی بھرتی کا جواز پیش کر دیا، دھن سب مہر بھر چلتا رہتا ہے یہاں خود تو کوئی بھی غلطی نہیں کرتا، یہ دوسرے لوگ ہی ہوتے ہیں جو اس کی ناکامی کا باعث بنتے ہیں اور اب تو ہم اس اتنے مام ہو چکے ہیں کہ اپنی ناکامی کو فلسطین کے خلاف تھیار کے طور پر استعمال کرنا سیکھ لیا ہے۔

عالیہ دنوں کی بڑی خبر کے لیں۔ پی ٹی آئی سے بے پناہ کشمن وابس لے لیا گیا، خبر آئی اور پھر انتخبی ملائیں، مطلوبیت، رہنما دھوبی مشہور ہو گیا، پارٹی کو الیکشن سے باہر کرنے کی سازش، انتظامی کارروائی وغیرہ وغیرہ۔ لیکن اصل میں کیا ہوا یہ کسی نے بتایا نہ کسی نے جاننے کی کوشش کی۔

2002ء کے الیکشن ایکٹ کے بعد سے تمام جماعتوں کیلئے پارٹی کے اندر انتخابات کرانا ضروری ہوتے ہیں ہر پارٹی اپنا آئین الیکشن کمشن کو دیتی ہے جس میں پارٹی انتخابات کا طریقہ کار بھی ہوتا ہے اور اسی پارٹی آئین کے تحت متعدد مدت میں انتخابات کرا کے الیکشن کمشن کو مکمل رپورٹ فراہم کرنا ہوتی ہیں۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو الیکشن کمشن اس جماعت کو انتخابی نشان جاری نہیں کرتا اور یوں وہ جماعت انتخابات میں حصہ لینے کی اہل نہیں رہتی تمام جماعتیں جیسے جیسے بھی ہوں اپنے الیکشن کرا کے ایک رپورٹ الیکشن کمشن کو جمع کرا دیتی ہیں لیکن پی ٹی آئی ایسا نہیں کر پائی اس سال سے زائد عرصہ سے پارٹی بغیر انتخابات اپنے ہی آئین کے خلاف چلتی رہی الیکشن کمشن نے عام انتخابات قریب آتے ہی انتخابات کرانے کے فرمان جاری کیے لیکن پی ٹی آئی نے پھر بھی ایسا نہیں کیا، وجہ یہی تھی کہ پارٹی کے بانی چیئرمین عمران خان نااہل ہیں کسی اور چیئرمین بنانے پر نیگچاہت تھی تو انتخابات تاخیر کا شکار ہوتے گئے اور بیس دن کی آخری مہلت ملنے پر جیسے تیسے الیکشن کرا کے رپورٹ جمع کرا دی گئی، جیسے الیکشن ہوئے سوالات تو تھی سے اٹھ رہے تھے لیکن کاغذی کارروائی مکمل کر دی گئی کہ مان لیا گیا تو تھیک ہے ورنہ خلاصہ اور انتظام کے رونے دھونے کے تھیار تو مل ہی جاتے گا اور پھر الیکشن کمشن کی بنا پر لیا گیا ماضی میں اس بنا پر کئی چھوٹی جماعتوں کے انتخابی نشان واپس ہوئے ہیں، پرویز مشرف مرحوم کی آل پاکستان مسلم لیگ کا نشان عقاب بھی واپس لیا جا چکا ہے جو اب ایک دوسری جماعت کے انتخابی پمپھلٹوں کی زینت بنے گا، 80 کی دہائی میں ضیا الحق کے زمانہ دور میں بینظیر پارٹی کا معروف نشان تلوار تو سرے سے ختم ہی کر دیا گیا لیکن بینظیر پارٹی ختم نہ ہو سکی۔ یہ بات حقیقت ہو گی کہ تحریک انصاف وقت پر پارٹی انتخابات نہ کرا سکی اور کاغذی وقت پر پارٹی انتخابات نہ کرا سکنے کو بنیاد بنا کو اُنہ کی ذمہ داری لیکن مسئلہ ہمارا یہ ہے کہ ہم نے ہر معاملے کو سیاسی رنگ دے کر فائدہ اٹھانا ہے اور یہی ہماری سیاست بن چکی ہے۔

2013ء میں پاکستان میں انتخابات منعقد ہوئے پر ایک ترمیم شدہ آئین کے تحت ہوئے پہلی بار انتخابات میں جیسے جیسے ہوئے بھی ہوں اپنے مقصد سازکوں تھے؟ "نیلیوم" نے شریفوں کو اکسانے والے بیانات اور دھمیوں کا جائزہ لیا۔ دسمبر کے آخر میں ہمارے زائد شواہد تیس قلم بند کیں۔ دس لاکھ سے زیادہ دستاویزات کا جائزہ لیا۔ دو لاکھ امریکی ڈیوٹیوں کو وائرلیس فراہم کیں۔ ڈیڑھ برس کی تفصیلی چھان پھٹک کے بعد کمیٹی نے 2022ء میں 845 صفحات پر مشتمل جامع رپورٹ پیش کر دی۔ کمیٹی نے ٹرمپ کے بارے میں کہا کہ "کوئی شکی شبہ، جواس طرح کے خصوصی حالات میں ایسا رویہ اختیار کرے، بھی دہرا وہ بھی باغیانہ ریاستی عہدے پر فائز نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی بھی عہدے کے لیے اہل ہے۔"

پارلیمانی کمیٹی جب اپنا کام کر رہی تھی تو ایف بی آئی، محکمہ انصاف اور دیگر تمام وارے بھی پوری طرح متحرک تھے۔ ہزاروں افراد سامنے میں لیے دے کر فائدہ اٹھانے اور یہی ہماری سیاست بن چکی ہے۔

اشاعت خاص

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی ثانی شیر شاہ سوری

عوام سے کئے ہر وعدہ کو وفا کرنا تیرا عظم مشن

لازوال ترقیاتی کام محنت اور ایمانداری کی عظیم مثال

محسن پنجاب تاریخ میں کبھی تجھ جیسا نہ ہے اور نہ کبھی ہوگا، پنجاب میں 2600 کلومیٹر روڈز کی تعمیر و مرمت کے 104 پراجیکٹس کی تکمیل

صوبہ کے 100 ہسپتال ری ویمپ، 737 تھانوں کی 30 دن کے اندر اپ گریڈیشن، وزیر اعلیٰ پنجاب کا کرپشن مافیا کی سرکوبی عظیم مشن

تحریر۔۔ محمد ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب

